08-10-2024 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ریاستی حکومت نے وہیکل فلیٹ ماڈرنائزیشن پالیسی (وی ایف ایم پی) کا اعلان کیا ہے۔

۲۔ریاستی حکومت 11050 سے زیادہ امیدواروں کوتقررنامے حوالے کرے گی۔جنہوں نے حال ہی میں منعقدہ ڈسٹرکٹ سلیکشن کمیٹی۔ ڈی ایس سی۔امتحان میں کامیابی حاصل کی تھی۔

۳۔صدر جمہوریہ ہند دروپدی مرمو نے سترویں نیشنل فلم ایوارڈس دو ہزار بائیس۔نئی دہلی میں ایک تقریب کے دوران تقسیم کیئے۔

۴۔جموں وکشمیر ریاستی انتخابات میں انڈیا اتحاد آگے ہے۔جبکہ ہریانہ میں بی جے پی حکومت بنا سکتی ہے۔

VFMP

ریاستی حکومت نے وہیکل فلیٹ ماڈرنائزیشن پالیسی (وی ایف ایم پی) کا اعلان کیا ہے۔جس کا مقصد سڑک حادثات سے حفاظت اور ماحولیاتی پائیداری کو فروغ دینے کیلئے پرانی گاڑیوں کو رضا کارانہ طور پر ختم کرنے کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔سرکاری بیان کے مطابق نئی پالیسی رجسٹرڈ وہیکل اسکراپنگ فیسلیٹی۔(آر وی ایس ایف) اور آٹومیٹیڈ ٹسٹنگ سٹیشن (اے ٹی ایس) کے قیام کے لئے بنائی گئی ہے۔ان سہولیات کا مقصد گاڑیوں کو ماحولیاتی طور پر محفوظ اور شفاف اسکراپنگ اور جانچ کے طریقہ کار کو یقینی بنانا ہے۔وی ایف ایم پی ایسے نظام کو فروغ دینے کیلئے عمل میں لایا جارہا ہے۔جہاں سڑکوں پر صرف فٹ اور محفوظ گاڑیاں ہی چلیں گی۔اس پالیسی میں آر وی ایس ایف۔اور اے ٹی ایس کے قیام کے لئے ایک جامع فریم ورک بنانا ہے تاکہ اسکراپنگ کے عمل کو تکنیکی طریقے سے منظّم کیا جاسکے۔اور پرانی اور غیر موزوں گاڑیوں کو تبدیل کرنے کے لئے حوصلہ افزائی کی جاسکی۔موٹر وہیکل ٹیکس میں رعایت کے تحت گاڑیوں کے مالکین جو رضا کارانہ طور پر اپنی پرانی گاڑیوں کو اسکراپ کرتے ہیں اور اسی زمرے کے تحت سرٹیفکٹ جمع کرانے پر انہیں ٹیکس میں رعایت دی جائے گی۔ ٹرانسپورٹ ڈپارٹمنٹ کے کمشنر ایلم بھارتی نے کہا کہ پندرہ سال سے زیادہ پرانی گاڑیوں کو اسکراپ کرنے پر نجی گاڑیوں کے مالکان لائف ٹیکس میں کمی کے اہل ہوں گے۔اگر وہ اپنی پرانی گاڑیوں کو اسکراپ کرنے کے اندرون دو سال نئی گاڑی خریدتے ہیں۔

DSC

ریاستی حکومت 11050 سے زیادہ امیدواروں کو تقررنامے حوالے کرے گی۔جنہوں نے حال ہی میں منعقدہ ڈسٹرکٹ سلیکشن کمیٹی۔ڈی ایس سی۔امتحان میں کامیابی حاصل کی تھی۔وزیر اعلی ریونت ریڈی خصوصی پروگرام میں ڈی ایس سی کے منتخبہ امیدواروں کو تقررنامے حوالے کریں گے۔حیدرآباد لال بہادر اسٹیڈیم میں پروگرام منعقد ہوگا۔ڈسٹرکٹ کلکٹرس کو اس سلسلے میں ہدایت دی گئی ہے کہ امیدواروں کو ایل بی اسٹیڈیم پہونچانے کے انتظامات کریں۔واضح رہے کہ حکومت نے ایس ایز۔ایس جی ٹیز۔ایل پیز۔پی ای ٹیز۔کے اساتذہ کے لئے پرائمری۔اپر پرائمری اور سکنڈری لیول میں آسامیوں کا اعلامیہ جاری کیا تھا اسکول ایجوکیشن ڈپارٹمنٹ نے امتحانات کے انعقاد کے

لئے ضروری اقدامات کئے تھے۔

FILM AWARD

صدر جمہوریہ ہند دروپدی مرمو نے سترویں نیشنل فلم ایوارڈس دو ہزار بائیس۔ نئی دہلی میں ایک تقریب کے دوران تقسیم کئے۔ وزیر اطلاعات ونشریات اشونی ویشنو اور مملکتی وزیر ڈاکٹر ایل مرغن بھی اس موقع پر موجود تھے۔ اپنے استقبالیہ خطاب میں اطلاعات ونشریات کے سکریٹری سنجے جاجو نے سال دو ہزار بائیس کے لئے بتیس مختلف زبانوں میں کل تین سو نو فلموں اور نان فیچر فلم کے ایوارڈس کا اعلان کیا۔ بہترین تنقیدی ایوارڈ کے زمرے میں گولڈن لوٹس کو ایوارڈس سے نوازا گیا۔

AZHER UDDIN

بھارتی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان اور کانگریس لیڈر محمد اظہر الدین نے منگل کو انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کے سامنے حاضر ہوئے جو کہ حیدرآباد کرکٹ ایسوسی ایشن میں مبینہ مالی بے قاعدگیوں سے متعلق رقم کی غیر قانونی لین دین کے ایک کیس کے سلسلے میں ان سے پوچھ تاچھ کے لئے طلب کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق، ای ڈی ان سے پوچھ گچھ کرے گی اور منی لانڈرنگ کے خلاف قانون کے تحت ان کا بیان درج کرے گی۔ 61 سالہ سابق رکن پارلیمنٹ کو پہلے ایجنسی کے دفتر میں فتح میدان روڈ پر 3 اکتوبر کو پیش ہونے کے لیے کہا گیا تھا، لیکن انہوں نے ایک نئی تاریخ کی درخواست کی اور اس لیے انہیں 8 اکتوبر کو بلایا گیا۔ یہ تحقیقات حیدرآباد کرکٹ ایسوسی ایشن میں مبینہ مالی بے قاعدگیوں سے متعلق ہیں، جن میں ای ڈی نے گزشتہ سال نومبر میں دھاوے کئے تھے۔ چند سے قبل تک اظہر الدین حیدرآباد کرکٹ ایسوسی ایشن کے صدر رہے تھے۔ آج میڈیا سے بات کرتے ہوئے سابق کپتان محمد اظہر الدین نے ان پر لگائے گئے الزامات کو بے بنیاد کہا ہے۔

NAGARJUNA

نامپلی عدالت نے آج ٹالی ووڈ اداکار ناگرجنا کے بیان کو ریکارڈ کیا ہے۔ جس میں ان کی طرف سے ریاستی وزیر کونڈا سریکھا کے خلاف دائر کردہ ہتک عزت مقدمے کو شامل کیا گیا ہے۔ درخواست کی سماعت کرنے والی عدالت نے اداکار کے بیان کو قلم بند کیا۔ عدالت نے اس موقع پر ایک شاہد سپریہ کے بیان کو بھی قلم بند کیا۔ بعد ازاں عدالت نے کیس کی سماعت پرسوں تک ملتوی کر دی۔ اداکار نے عدالت کو بتایا کہ وزیر نے ان کے خاندان کے خلاف توہین آمیز ریمارکس کئے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ریاستی وزیر نے ان کے بیٹے کی طلاق سے متعلق میڈیا میں غلط بیانی سے کام لیا۔ عدالت سے انہوں نے ریاستی وزیر کے خلاف فوجداری کاروائی شروع کرنے کی مانگ کی تھی۔

ATAL PENSION

پنشن فنڈ ریگولٹری اینڈ ڈیولپمنٹ اتھاریٹی کے ذریعہ آج جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق اٹل پنشن یوجنا۔ اے پی وائی۔ کے تحت مجموعی طور پر اندراجات سات کروڑ سے تجاویز کر گئے ہیں۔ موجودہ مالی سال میں اب تک چھپن لاکھ سے زائد کے اندراج کے ساتھ سماجی تحفظ کی اسکیم کی شراکت کی بنیاد پر ایک ہزار سے پانچ ہزار روپئے ماہانہ کی ضمانت شدہ کم از کم پنشن فراہم کرتی ہے۔ ایسے میں دو ہزار پندرہ میں

شروع کی گئی اسکیم جس کا مقصد تمام ہندوستانیوں خاص طور پر غیر منظّم شعبوں میں کام کرنے والوں کے لئے سماجی تحفظ کے نظام کو مضبوط بنانا تھا۔

TRAFFIC

جیسے جیسے دسہرے کا تہوار وجئے دشمی جو ہفتے کے روز ہوگا قریب آرہا ہے اپنے اپنے آبائی مقامات کو روانہ ہونے والے مسافرین کی بڑی تعداد کی وجہ سے تمام بسوں اور ریلوے اسٹیشنوں پر ہجوم دیکھا جا رہا ہے۔ گولی گوڑہ میں واقع مہاتما گاندھی بس اسٹیشن۔ ایم جی بی ایس۔ اور جوبلی اسٹیشن پر بڑی تعداد میں مسافرین کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے۔ مسافرین کی بڑھتی ہوئی تعداد کے پیش نظر اسٹیٹ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن (ٹی جی ایس آر ٹی سی) نے حیدرآباد میں مخصوص پیک اپ پوائنٹس کے ساتھ خصوص بس خدمات متعارف کرائی ہیں۔ ساتھ ہی ساوتھ سنٹر ریلوے بھی دسہرہ تہوار کے پیش نظر اضافی ٹرینیں چلا رہا ہے۔

COUNTING

جموں وکشمیر اور ہریانہ میں اسمبلی انتخابات کے ووٹوں کی گنتی جاری ہے۔ تازہ ترین رجحانات کے مطابق نیشنل کانفرنس اور کانگریس اتحاد جموں وکشمیر میں حکومت بنانے آگے چل رہا ہے۔ جبکہ ہریانہ میں بھارتیہ جنتا پارٹی آگے ہے۔ الیکشن کمیشن کی رپورٹ کے مطابق ہریانہ میں بی جے پی۔ 49 نشستوں اور کانگریس 36 پر آگے ہے جبکہ جموں کشمیر میں این ڈی بلاک 48۔ بی جے پی 29 نشستوں پر ہے۔

BJP

ریاستی بی جے پی نے بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ ہریانہ میں انتخابی نتائج عوام کا وزیر اعظم نریندر مودی پر بھروسہ اور اعتماد کا اظہار ہے۔ بی جے پی کے ترجمان نے بتایا کہ جموں وکشمیر میں بھی عوام نے بلٹ کے مقابلے بیلٹ کو ترجیح دی ہے۔ جموں وکشمیر میں بھی انتیس سیٹوں پر جیت سے متعلق ترجمان این وی سبھاش نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی پر جموں وکشمیر کے عوام نے اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے اس موقع پر مزید کہا کہ کانگریس کے سینئر قائد راہول گاندھی کے اعتماد کو عوام نے پوری طرح مسترد کر دیا۔

FEROZ KHAN

تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے جنرل سکریٹری اور حلقہ اسمبلی سے امیدوار فیروز خان نے آج سہ پہر حیدرآباد میں انٹی گریٹیڈ کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر۔ آئی سی سی۔ میں کمشنر پولیس سی وی آنند سے ملاقات کرتے ہوئے شکایت درج کرائی۔ کمشنر پولیس سے ملاقات کے بعد فیروز خان نے کہا کہ ناپیلی کے ایم ایل اے محمد ماجد حسین اور ان کے ساتھیوں نے ان پر کل حملہ کیا تھا جس کی شکایت انہوں نے کمشنر سے کی ہے۔ انہوں نے حملہ کرنے والوں کی تفصیلات سے کمشنر پولیس کو واقف کروایا۔ اور پولیس کمشنر سے مجرموں کے خلاف سخت کاروائی کرنے کی مانگ کی۔

FRAUD

تلنگانہ سائبر سیکوریٹی بیورو (ٹی جی سی ایس بی) کے سائبر کرائم پولیس اسٹیشن ہیڈ کوارٹر نے 10.61 کروڑ روپئے کی ڈیجیٹل فراڈ اسکیم

میں ملوث دوافراد کوگرفتار کیا ہے۔ ڈی جی پی کے دفتر سے جاری کئے گئے پولیس کے ایک بیان کے مطابق ان ملزمین کو بنگلورومیں گرفتار کیا گیا۔اورحیدرآباد لایا گیا۔ یہ گرفتاری حیدرآباد کےایک رہائیشی شہری کی جانب سے شکایت کے بعد کی گئی۔ جسے ممبئ پولیس ظاہر کرتے ہوئے دھوکہ بازوں نے فراڈ کیا تھا۔ملزمین نے غلط دعوی کیا کہ متاثرہ کا بینک اکاونٹ اس کے آدھاراور پن کا استعمال کرتے ہوئے کھولا گیا تھا اور وہ منی لانڈرنگ میں ملوث تھا۔انہوں نے متاثرہ شخص کو قانونی کارواائی اور قید کی دھمکی دیتے ہوئے ڈائریکٹر آف انفورسمنٹ اورانکم ٹیکس ڈپارٹمنٹ کے نام سے فرضی خطوط بھیج کراپنے کھاتوں میں رقم منتقل کرنے کی ہیرا پھیری کی۔ پولیس نے ملزمین کے پاس سے دوموبائل فون ضبط کئے ہیں۔ٹی جی سی ایس بی نےعوام کومشورہ دیا ہے کہ وہ ڈیجیٹل لین دین میں محتاط رہیں۔اورکسی بھی طرح کی معلومات نامعلوم افراداور ذرائع کوشیئر کرنے سے گریز کریں۔